احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کیلئے

پیر 3 دسمبر 2007ء

روزنامہ الفضل

C.P.L 29-FD ٹیلی فون نمبر 047-6213029

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

پیر 3 دسمبر 2007ء 22 ذیقعدہ 1428ہجری 3 فتح 1386ھش جلد 57-92 نمبر 274

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

بعض آدمی دیکھے گئے ہیں کہ جب کوئی ابتلاء آ جائے تو گھبرا اٹھتے ہیں اور خدا تعالیٰ سے شکوہ کرنے لگتے ہیں۔ان کی طبیعت میں ایک افسردگی پائی جاتی ہے، کیونکہ وہ صلح جو کلی طور پر خدا تعالیٰ سے ہونی چاہئے، ان کو حاصل نہیں ہوتی۔خدا تعالیٰ سے انسان کی اسی وقت تک صلح رہ سکتی ہے کہ جب تک اس کی مانتا رہے۔یہ بھی یاد رکھو کہ خدا تعالیٰ کا معاملہ ایک دوست کا معاملہ ہے۔کبھی ایک دوست دوسرے کی مان لیتا ہے اور دوسرے وقت اس کو اس دوست کی ماننی پڑتی ہے اور یہ تسلیم خوشی اور انشراح صدر سے ہونی چاہئے نہ کہ مجبوراً۔

اللہ تعالیٰ ایک جگہ قرآن شریف میں فرماتا ہے............(البقرہ:156) یعنی ہم آزماتے رہیں گے۔کبھی ڈرا کر، کبھی بھوک سے۔کبھی مالوں اور ثمرات وغیرہ کا نقصان کرکے۔یہاں ثمرات میں اولاد بھی داخل ہے اور یہ بھی کہ بڑی محنت سے کوئی فصل تیار کی اور یکا یک اسے آگ لگ گئی اور وہ تباہ ہوگئی۔یا دیگر امور کے لئے محنت اور مشقت کی، مگر نتیجہ میں ناکام رہ گیا۔غرض مختلف قسم کے ابتلاء اور عوارض انسان پر آتے ہیں اور یہ خدا تعالیٰ کی آزمائش ہے۔ایسی صورت میں جو لوگ اللہ تعالیٰ کی رضا پر راضی اور اس کی تقدیر کے لئے سر تسلیم خم کرتے ہیں۔وہ بڑی شرح صدر سے کہتے ہیں............(البقرہ:157) کسی قسم کا شکوہ اور شکایت یہ لوگ نہیں کرتے۔ایسے لوگوں کی نسبت اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اُولٰئِكَ علیهم صَلَوٰت ۔الخ یعنی یہی وہ لوگ ہیں جن کے حصہ میں اللہ تعالیٰ کی خاص رحمت آتی ہے۔اللہ تعالیٰ انہیں لوگوں کو مشکلات میں راہ دکھا دیتا ہے۔یاد رکھو کہ اللہ تعالیٰ بڑا ہی کریم و رحیم اور با مروت ہے۔جب کوئی شخص اس کی رضا کو مقدم کر لیتا ہے اور اس کی مرضی پر راضی ہو جاتا ہے تو وہ اس کو اس کا بدلہ دیئے بغیر نہیں چھوڑتا۔

(ملفوظات جلد اول ص255)

کوئی تکلیف نہیں پہنچتی جب تک آسمان پر فتویٰ نہ ہو؛ اگرچہ تکالیف تو پیغمبروں کو بھی پہنچتی ہیں، مگر وہ از راہ محبت ہوتی ہیں اور ان میں ایک قسم کی تعلیم مخفی ہوتی ہے، جو ان مشکلات میں انبیاء علیہم السلام کا پاک گروہ اپنے طرز عمل اور چال چلن سے دیتا ہے اور بعض لوگوں پر دکھ کی مار ہوتی ہے اور وہ ان کی اپنی ہی کرتُوتوں کا نتیجہ ہے......(الزلزال:9) پس آدمی کو لازم ہے کہ توبہ و استغفار میں لگا رہے اور دیکھتا رہے کہ ایسا نہ ہو، بداعمالیاں حد سے گزر جاویں اور خدا تعالیٰ کے غضب کو کھینچ لاویں۔

جب خدا تعالیٰ کسی پر فضل کے ساتھ نگاہ کرتا ہے، تو عام طور پر دلوں میں اس کی محبت کا القا کر دیتا ہے، لیکن جس وقت انسان کا شر حد سے گذر جاتا ہے، اس وقت آسمان پر اس کی مخالفت کا ارادہ ہوتے ہی اللہ تعالیٰ کے منشاء کے موافق لوگوں کے دل سخت ہو جاتے ہیں، مگر جونہی وہ توبہ و استغفار کے ساتھ خدا کے آستانہ پر گر کر پناہ لیتا ہے، تو اندر ہی اندر ایک رحم پیدا ہو جاتا ہے اور کسی کو پتہ بھی نہیں لگتا کہ اس کی محبت کا بیج لوگوں کے دلوں میں بو دیا جاتا ہے۔غرض توبہ و استغفار ایسا مجرب نسخہ ہے کہ خطا نہیں جاتا۔

(ملفوظات جلد اول ص 196)

زخموں سے چُور صحابہؓ

جنگ احد سے واپسی پر کفار کے لشکر نے مدینہ پر حملہ کا ارادہ کیا۔رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہؓ کو تیاری کا حکم دیا اور فرمایا ہمارے ساتھ وہی نکلیں گے جو جنگ میں شامل تھے۔چنانچہ آپؐ اور آپؐ کے صحابہؓ اس حال میں دشمن کے مقابلہ کیلئے نکلے کہ سب زخموں سے چُور تھے۔مگر اللہ نے کفار کے دل میں ایسا رعب ڈالا کہ وہ فوراً مکہ لوٹ گئے۔

(تاریخ طبری جلد2صفحہ :75)

خلافت جوبلی دعائیہ پروگرام

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے صد سالہ خلافت جوبلی کی کامیابی کیلئے احباب جماعت کو نوافل روزوں اور دعاؤں کا پروگرام دیا ہوا ہے۔احباب سے گزارش ہے کہ اس پروگرام کو پابندی سے جاری رکھیں اور ایک دوسرے کو بھی تلقین کرتے رہیں۔اللہ تعالیٰ خلافت کے بابرکت سایہ کو ہمیشہ ہمارے سروں پر قائم رکھے۔آمین

بیوت الحمد منصوبہ میں مالی قربانی

بیوت الحمد منصوبہ کے تحت بیوگان اور مستحقین کو حسب ضرورت رہائش کی سہولت فراہم کی جاتی ہے۔ ہر قسم کی سہولیات سے آراستہ بیوت الحمد کالونی میں 100 کوارٹرز تعمیر ہو چکے ہیں۔اسی طرح ساڑھے پانچ صد سے زائد احباب کو ان کے اپنے گھروں میں جزوی توسیع کیلئے لاکھوں روپے کی امداد دی جا چکی ہے اور یہ سلسلہ جاری ہے۔ احباب جماعت اس بابرکت تحریک میں زیادہ سے زیادہ مالی قربانی پیش فرمائیں۔ایک مکمل مکان کی تعمیر کے اخراجات 7 سے 8 لاکھ روپے کے درمیان ہوتے ہیں۔ایک مکان کے پورے اخراجات سے لے کر حسب استطاعت آپ جو بھی مالی قربانی پیش فرمائیں مقامی جماعت کے نظام کے تحت یا براہ راست مد بیوت الحمد خزانہ صدر انجمن احمدیہ میں ارسال فرما کر عنداللہ ماجور ہوں۔

(صدر بیوت الحمد منصوبہ)

واقفین نو متوجہ ہوں

بعض واقفین نو کو طب کی تعلیم بھی حاصل کرنی چاہئے۔اس کے لئے طبیہ کالج میں داخلہ کیلئے میٹرک سائنس مضامین کے ساتھ کم از کم سیکنڈ ڈویژن میں پاس ہونا ضروری ہے۔جو واقفین نو طب کی تعلیم حاصل کرنے میں دلچسپی رکھتے ہوں وہ مزید مشورہ اور معلومات کیلئے وکالت وقف نو سے رابطہ فرمائیں۔

(وکیل وقف نو تحریک جدید ربوہ)

احمدیہ ٹیلی ویژن انٹرنیشنل کے پروگرام

جمعہ 7 دسمبر 2007ء

5-05 am	تلاوت، درس، خبریں
6-20 am	لقاء مع العرب
7-25 am	دورہ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز
7-50 am	خطبہ جمعہ
8-50 am	ریویو
9-50 am	ترجمۃ القرآن
11-05 am	تلاوت، درس، خبریں
12-00 pm	گلشن وقف نو
1-10 pm	سرائیکی سروس
1-55 pm	ملاقات
3-05 pm	انڈونیشین سروس
4-05 pm	سیرت صحابہ رسولؐ
4-55 pm	تلاوت، خبریں
6-00 pm	خطبہ جمعہ لائیو
7-30 pm	درس حدیث
7-40 pm	ملاقات
8-35 pm	سیرت صحابہ رسول
9-20 pm	خطبہ جمعہ
10-30 pm	سپوٹ لائٹ
11-05 pm	فرانسیسی سروس
11-30 pm	عربی سروس

ہفتہ 8 دسمبر 2007ء

1-35 am	خبریں
2-10 am	خطبہ جمعہ
3-25 am	گفتگو
4-00 am	ملاقات
5-10 am	تلاوت، درس، خبریں
6-10 am	فرانسیسی سروس
6-35 am	لقاء مع العرب
7-50 am	انٹرویو
8-30 am	خطبہ جمعہ
9-55 am	ملاقات
11-00 am	تلاوت، درس، خبریں
12-05 pm	گلشن وقف نو
1-10 pm	طاہر ہارٹ انسٹی ٹیوٹ
1-30 pm	خطبہ جمعہ
2-40 pm	قرآن کوئز
2-55 pm	انڈونیشین سروس
3-55 pm	فرانسیسی سروس
5-00 pm	تلاوت، خبریں
6-00 pm	بنگلہ سروس
7-00 pm	انتخاب سخن
8-00 pm	گلشن وقف نو
9-05 pm	مشاعرہ
10-20 pm	سوال وجواب
10-55 pm	ایم ٹی اے ٹریول
11-30 pm	عربی سروس

اتوار 9 دسمبر 2007ء

1-35 am	خبریں
2-05 am	گلشن وقف نو
3-05 am	طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ
3-20 am	ایم ٹی اے ٹریول
3-50 am	خطبہ جمعہ
5-00 am	تلاوت، درس، خبریں
6-10 am	قرآن کوئز
6-25 am	لقاء مع العرب
7-30 am	سیرت صحابہ رسولؐ
8-25 am	خطبہ جمعہ
9-30 am	مشاعرہ
10-30 am	ایم ٹی اے ٹریول
11-00 am	تلاوت، درس، خبریں
12-00 pm	چلڈرنز کلاس
1-00 pm	عربی سیکھئے
1-15 pm	دورہ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز
2-00 pm	ڈاکومنٹری
3-00 pm	انڈونیشین سروس
4-00 pm	سپینش سروس
5-00 pm	تلاوت، درس، خبریں
6-00 pm	گفتگو
7-00 pm	خطبہ جمعہ
8-05 pm	چلڈرنز کلاس
9-10 pm	دورہ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز
9-55 pm	سیرت النبیؐ
10-25 pm	سوال وجواب
11-30 pm	عربی سروس

گمشدہ طلائی ہار

مورخہ 25 نومبر 2007ء کو صبح 10:30 بجے طاہر آباد شرقی سے بس سٹاپ ربوہ تک آتے ہوئے رکشہ سے ایک طلائی ہار کہیں گر گیا ہے۔ اگر کسی صاحب کو ملے تو براہ کرم دفتر صدر عمومی پہنچا دیں۔

(سیکرٹری جنرل لوکل انجمن احمدیہ ربوہ)

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

نماز جنازہ حاضر و غائب

مکرم منیر احمد جاوید صاحب پرائیویٹ سیکرٹری لندن تحریر کرتے ہیں کہ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ 24 نومبر 2007ء کو قبل نماز ظہر بیت الفضل لندن میں درج ذیل افراد کی نماز جنازہ حاضر و غائب پڑھائی۔

نماز جنازہ حاضر

عزیزہ سدرہ عامر

عزیزہ سدرہ عامر بنت مکرم عمران احمد عامر صاحب برمنگھم 16 نومبر 2007ء کو تقریباً تین سال کی عمر میں بغیر کسی بیماری کے اچانک وفات پا گئی۔ بچی وقف نو کی مبارک تحریک میں شامل تھی۔ عزیزہ مکرم مسرور احمد صاحب طور آف نیشنل بینک ربوہ کی پوتی تھیں۔

نماز جنازہ غائب

1۔ مکرم برکت علی صاحب انعام

مکرم برکت علی صاحب انعام درویش۔ قادیان 30 مئی 2007ء کو امریکہ میں وفات پا گئے۔ مرحوم ان ابتدائی درویشوں میں سے تھے جنہوں نے 1947ء کے نامساعد حالات میں جواں مردی اور دلیری کے ساتھ قادیان میں رہتے ہوئے حفاظت مرکز کا فریضہ سرانجام دیا۔ آپ نے معاون ناظر اعلیٰ قادیان، نائب ناظر امور عامہ ومحتسب اور ناظم جائیداد کے طور پر بھرپور خدمت کی توفیق پائی۔ مرحوم مختلف کھیلوں میں مہارت حاصل تھی اور بہت اچھے کھلاڑیوں میں شمار ہوتے تھے۔ کچھ عرصہ سے اپنے علاج کے سلسلہ میں بچوں کے پاس امریکہ میں رہائش پذیر تھے اور وہیں ان کی وفات ہوئی۔ مرحوم موصی تھے۔ تدفین بہشتی مقبرہ قادیان میں ہوئی۔

2۔ مکرمہ اقبال ایاز صاحبہ

مکرمہ اقبال ایاز صاحبہ اہلیہ مکرم ایاز احمد ایاز صاحب کینیڈا 8 نومبر 2007ء کو 70 سال کی عمر میں وفات پا گئیں۔ مرحومہ لمبے عرصہ سے بعارضہ کینسر بیمار تھیں اور بڑے صبر سے بیماری کا مقابلہ کرتی رہیں۔ آپ موصیہ تھیں۔ پسماندگان میں میاں کے علاوہ دو بیٹیاں اور ایک بیٹا یادگار چھوڑے ہیں۔

اللہ تعالیٰ تمام مرحومین سے مغفرت کا سلوک فرماتے ہوئے ان کے درجات کو بلند تر فرمائے اور لواحقین کا ان کے بعد خود نگہبان ہو۔ آمین

اعلان دارالقضاء

(مکرم یوسف صادق صاحب ترکہ مکرم چوہدری محمد صادق صاحب)

مکرم یوسف صادق صاحب نے درخواست دی ہے کہ میرے والد مکرم چوہدری محمد صادق صاحب بقضائے الٰہی وفات پا گئے ہیں۔ ان کے نام قطعہ نمبر 21/12 محلّہ دارالیمن برقبہ ایک کنال میں سے 10 مرلہ الاٹ ہے۔ یہ قطعہ میرے نام منتقل کر دیا جائے۔ دیگر کسی وارث کو اس منتقلی پر اعتراض نہ ہے۔ جملہ ورثاء کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

1۔ مکرمہ آمنہ بیگم صاحبہ (بیوہ)
2۔ مکرم احمد صادق صاحب (بیٹا)
3۔ مکرم یوسف صادق صاحب (بیٹا)
4۔ مکرمہ نعیمہ یاسمین صاحبہ (بیٹی)

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ کسی وارث یا غیر وارث کو اس منتقلی پر اگر کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دفتر ہذا کو مطلع کر کے ممنون فرمائیں۔

(ناظم دارالقضاء ربوہ)

اعلان دارالقضاء

(مکرمہ عظمیٰ وقار صاحبہ ترکہ مکرم محمد صدیق ملک صاحب)

مکرمہ عظمیٰ وقار صاحبہ نے درخواست دی ہے کہ میرے والد مکرم محمد صدیق ملک صاحب ولد محمد وارث خان صاحب وفات پا گئے ہیں۔ ان کے نام قطعہ نمبر 1/48 محلّہ دارالعلوم شرقی برقبہ 10 مرلہ 7 مربع فٹ الاٹ ہے۔ یہ قطعہ مرحوم کے ورثاء میں بحصص شرعی منتقل کر دیا جائے۔ جملہ ورثاء کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

1۔ مکرمہ حلیمہ لطیف صاحبہ (بیوہ)
2۔ مکرمہ نعیمہ طارق صاحبہ (بیٹی)
3۔ مکرمہ سلیمہ احمد صاحبہ (بیٹی)
4۔ مکرمہ بشریٰ ماجد صاحبہ (بیٹی)
5۔ مکرمہ روبینہ خالد صاحبہ (بیٹی)
6۔ مکرمہ عظمیٰ وقار صاحبہ (بیٹی)
7۔ مکرم محمد محمود احمد ملک صاحب (بیٹا)
8۔ مکرمہ اقصیٰ مقدس صادقہ صاحبہ (بیٹی)
9۔ مکرم محمد منصور احمد ملک صاحب (بیٹا)

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ کسی وارث یا غیر وارث کو اس منتقلی پر اگر کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دفتر ہذا کو مطلع کر کے ممنون فرمائیں۔

(ناظم دارالقضاء ربوہ)

درخواست دعا

مکرم ناصر احمد صاحب محلّہ دارالعلوم غربی خلیل اطلاع دیتے ہیں کہ میری اہلیہ کے بھانجے عزیزم داؤد احمد ظفر صاحب ذہنی عارضہ کی وجہ سے بیمار ہیں اور لاہور کے ایک ہسپتال میں زیر علاج ہیں۔ احباب سے کامل شفایابی کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

مرسلہ: نظارت تعلیم القرآن

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کے ارشادات کی روشنی میں

تحریک وقف عارضی کی اہمیت و ضرورت

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے 1966ء میں جب وقف عارضی کی مبارک تحریک جاری فرمائی تو آپ نے اس کی اہمیت بیان کرتے ہوئے جو ارشادات فرمائے وہ بغرض یاددہانی قارئین کرام کے لئے پیش ہیں:۔

وقف عارضی کی ضرورت

''عارضی وقف کی ضرورت بہت ہے۔ بات یہ ہے کہ جماعت کا ایک حصہ بھول گیا ہے کہ افراد جماعت خود مربی سلسلہ ہیں اور مربیوں کی تعداد میں جو تھوڑا سا اضافہ ہوا ہے وہ کافی نہیں۔ جماعت سمجھتی ہے کہ اصلاح وارشاد کا کام مربیوں کا ہے حالانکہ ہر احمدی کو بڑی توجہ کے ساتھ خود اصلاح وارشاد کا کام کرنا چاہئے یہ توجہ پیدا کرنے کے لئے اور جماعت میں اصلاح وارشاد کا شوق پیدا کرنے کے لئے میں نے عارضی وقف کی سکیم جاری کی ہے۔ اس میں روحانی فوائد بھی ہیں اور جسمانی فوائد بھی''۔ (الفضل 3 نومبر 1971ء)

وقف عارضی اصلاح نفس کا ذریعہ ہے

''تحریک وقف عارضی کا دوسرا بڑا فائدہ یہ ہے کہ جو لوگ وقف عارضی پر جاتے ہیں ان کو اپنے نفس کا بعض پہلوؤں سے محاسبہ کرنا پڑتا ہے۔ جانے سے قبل انہیں اپنی بعض کمزوریوں کی طرف توجہ ہو جاتی ہے اور دعاؤں کی طرف ان کی توجہ مائل ہو جاتی ہے۔ یعنی وقف عارضی پر جانے کی جو تیاری ہے اس کا بڑا حصہ یہ ہے کہ وہ دعاؤں کی طرف متوجہ ہوتے اور اپنی دینی معلومات میں اضافہ کرتے یا انہیں تازہ کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ جانے سے پہلے کتب کا زیادہ مطالعہ کرتے ہیں اور کچھ کتب اپنے ساتھ لیجاتے ہیں۔ وہ سوچتے ہیں اور اپنی غفلتوں اور کمزوریوں پر نگاہ رکھتے ہوئے انہیں دور کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ان کے اندر یہ جذبہ پیدا ہوتا ہے کہ وہ دوسری جگہ جائیں تو لوگوں کے لئے نیک نمونہ بنیں، ان کے لئے ٹھوکر کا باعث نہ بنیں۔ چنانچہ وقف عارضی کے وفود نے دعاؤں کی برکات سے بہت فائدہ اٹھایا ہے'' (الفضل 12 فروری 1977ء)

وقف عارضی کا مقصد قرآن کریم سکھانا ہے

''وقف عارضی کی جو تحریک ہے اس کا بڑا مقصد بھی یہ تھا اور ہے کہ دوست رضا کارانہ طور پر اپنے خرچ پر مختلف جماعتوں میں جائیں اور وہاں قرآن کریم سیکھنے سکھانے کی کلاسز کو منظم کریں اور منظم طریق پر وہاں کی جماعت کی اس رنگ میں تربیت ہو جائے کہ وہ قرآن کریم کا جوا بشاشت سے اپنی گردن پر رکھیں اور دنیا کے لئے ایک نمونہ بن جائیں''۔ (الفضل 14 مئی 1966ء)

وقف عارضی کی کم از کم مدت دو ہفتہ

''میں جماعت میں تحریک کرتا ہوں کہ وہ دوست جن کو اللہ تعالیٰ توفیق دے سال میں دو ہفتہ سے چھ ہفتہ تک کا عرصہ دین کی خدمت کے لئے وقف کریں اور انہیں جماعت کے مختلف کاموں کے لئے جس جس جگہ بھجوایا جائے وہاں وہ اپنے خرچ پر جائیں۔ اور ان کے وقف شدہ عرصہ میں سے جس قدر عرصہ انہیں وہاں رکھا جائے اپنے خرچ پر رہیں اور جو کام ان کے سپرد کیا جائے بجالانے کی پوری کوشش کریں''۔ (الفضل 23 مارچ 1966ء)

باہمی جھگڑوں کو نپٹانا

''اچھا احمدی ہونے کے لئے یہ بھی ضروری ہے کہ وہ اچھا شہری بھی ہو۔ لیکن بہت سے دوست چھوٹی چھوٹی باتوں پر آپس میں جھگڑتے لڑتے رہتے ہیں اور یہ بات ایک احمدی کے لئے کسی صورت میں بھی مناسب نہیں جب یہ جھگڑے اور لڑائیاں لمبی ہو جاتی ہیں تو جماعت میں کمزوری پیدا ہو جاتی ہے۔ پس جن دوستوں کو اللہ تعالیٰ دو ہفتے سے چھ ہفتے تک کا عرصہ میری اس تحریک پر وقف کرنے کی توفیق دے انہیں ان باتوں کی طرف بھی توجہ دینا ہوگی اور جماعت کے دوستوں کے باہمی جھگڑوں کو نپٹانے کی ہر ممکن کوشش کرنا ہوگی''۔ (الفضل 23 مارچ 1966ء)

ہر احمدی وقف عارضی کرے

''مربیوں کو بھی چاہئے اور عام عہدیداران کو بھی چاہئے بلکہ ہر احمدی کو چاہئے کہ وہ اپنے نفس کو بھی اور اپنے بھائی کو بھی یہ تلقین کرے کہ وہ وقف عارضی میں شامل ہو۔ اس میں شک نہیں کہ یہ ایک قربانی کی راہ ہے اور یہ راہ تنگ ہے لیکن اس میں شک نہیں کہ قربانی کی راہوں پر چلے بغیر ہم اللہ تعالیٰ کی رضا کو حاصل نہیں کرسکتے''۔ (الفضل 27 اگست 1966ء)

احمدی خواتین اور وقف عارضی

''یہ واقفین وفد کی شکل میں دو افراد پر مشتمل ہوتے ہیں۔ اس میں احمدی بہنیں بھی حصہ لیتی ہیں۔ ان کو باہر صرف اس صورت میں بھجوایا جاتا ہے جب کہ وہ خاوندوں کے ساتھ یا والد کے ساتھ یا اپنے بھائی کے ساتھ باہر جاسکیں۔ ورنہ ان سے اپنے ہی شہر یا قصبہ میں عورتوں کی تربیت وغیرہ کے کام لئے جاتے ہیں۔ تا کہ بہنیں بہنوں سے خدا کی رضا کی خاطر حسن معاملہ اور پیار کے تعلقات قائم کریں''۔ (الفضل 12 فروری 1977ء)

امراء اضلاع اور وقف عارضی

اُمراء اضلاع کو اس طرف فوری توجہ دینی چاہئے...... امراء اضلاع جماعت کے مستعد اور مخلص احباب کو اپنی ذمہ داری کی طرف متوجہ کریں تا زیادہ سے زیادہ احمدی اس مقصد کے پیش نظر اور خدمت...... کے لئے اپنے وقت کا ایک تھوڑا اور حقیر سا حصہ پیش کریں''۔ (الفضل 13 اپریل 1966ء)

کالج کے پروفیسرز اور سکول کے اساتذہ بھی وقف عارضی کریں

''کالجوں کے پروفیسر اور لیکچرار، سکولوں کے اساتذہ کالجوں کے سمجھدار طلباء بھی اپنی رخصتوں کے ایام اس منصوبہ کے ماتحت کام کرنے کے لئے پیش کریں۔ سکولوں کے بعض طلباء بھی اس قسم کے بعض کام کرسکتے ہیں۔ کیونکہ سکولوں کے بعض طلباء ایسے بھی ہوتے ہیں جو اپنی صحت اور عمر کے لحاظ سے اس قابل ہوتے ہیں کہ اس قسم کی ذمہ داریاں ادا کرسکیں ان کو بھی اپنے نام اس تحریک کے سلسلہ میں پیش کر دینے چاہئیں۔ بشرطیکہ وہ اپنا خرچ برداشت کرسکتے ہوں'' (الفضل 23 مارچ 1966ء)

وکلاء اور وقف عارضی

''بعض ایسے پیشہ والے ہیں جن کو ان دنوں چھٹیاں ہوتی ہیں مثلاً بعض عدالتیں بند ہو جاتی ہیں، وہاں جو احمدی وکیل وکالت کا کام کرتے ہیں وہ بھی اپنی زندگی کے چند ایام اشاعت علوم قرآنی کے لئے وقف کرسکتے ہیں''۔ (الفضل 10 اگست 1966ء)

میرا یقین بڑھ گیا

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:۔

میری عمر جب نو یا دس برس کی تھی۔ میں اور ایک اور طالب علم گھر میں کھیل رہے تھے۔ وہیں الماری میں ایک کتاب پڑی ہوئی تھی جس پر نیلا جزدان تھا اور وہ ہمارے دادا صاحب کے وقت کی تھی۔ نئے نئے علوم ہم پڑھنے لگے تھے اس کتاب کو جو کھولا تو اس میں لکھا تھا کہ اب جبرائیل نازل نہیں ہوتا۔ میں نے کہا یہ غلط ہے میرے ابا پر تو نازل ہوتا ہے۔ اس لڑکے نے کہا جبرائیل نہیں آتا کتاب میں لکھا ہے۔ ہم میں بحث ہوگئی۔ آخر ہم دونوں حضرت صاحب کے پاس گئے اور دونوں نے اپنا اپنا بیان پیش کیا۔ آپ نے فرمایا۔ کتاب میں غلط لکھا ہے۔ جبرائیل اب بھی آتا ہے۔

بیوقوفی کے واقعات میں مجھے بھی اپنا ایک واقعہ یاد ہے۔ کئی دفعہ اس واقعہ کو یاد کر کے میں ہنسا بھی ہوں اور بسا اوقات میری آنکھوں میں آنسو بھی آگئے ہیں۔ مگر میں اسے بڑی قدر کی نگاہ سے بھی دیکھا کرتا ہوں اور مجھے اپنی زندگی کے جن واقعات پر ناز ہے۔ ان میں وہ ایک حماقت کا واقعہ بھی ہے وہ واقعہ یہ ہے کہ حضرت مسیح موعود کے زمانے میں ایک رات ہم سب صحن میں سو رہے تھے گرمی کا موسم تھا کہ آسمان پر بادل آیا اور زور سے گرجنے لگا۔ اسی دوران میں قادیان کے قریب کہیں بجلی گری مگر اس کی کڑک اس زور کی تھی کہ قادیان کے ہر گھر کے لوگوں نے یہ سمجھا کہ یہ بجلی شاید ان کے گھر میں ہی گری ہے۔ اس کڑک اور کچھ بادلوں کی وجہ سے تمام لوگ کمروں میں چلے گئے جس وقت بجلی کی یہ کڑک ہوئی اس وقت ہم بھی جو صحن میں سو رہے تھے اٹھ کر اندر چلے گئے مجھے آج تک وہ نظارہ یاد ہے کہ حضرت مسیح موعود جب اندر کی طرف جانے لگے تو میں نے اپنے دونوں ہاتھ حضرت مسیح موعود کے سر پر رکھ دیئے کہ اگر بجلی گرے تو مجھ پر گرے ان پر نہ گرے بعد میں جب میرے ہوش ٹھکانے آئے تو مجھے اپنی اس حرکت پر ہنسی آئی کہ ان کی وجہ سے تو ہم نے بجلی سے بچنا تھا نہ یہ کہ ہماری وجہ سے وہ بجلی سے محفوظ رہتے۔

(سوانح فضل عمر جلد اول صفحہ 150-149)

ایک موقعہ پر آپ فرماتے ہیں:۔

میں علمی طور پر بتلاتا ہوں کہ میں نے حضرت صاحب کو والد ہونے کی وجہ سے نہیں مانا بلکہ جب میں گیارہ سال کے قریب تھا تو میں نے مصمم ارادہ کیا تھا کہ اگر میری تحقیقات میں وہ نعوذ باللہ جھوٹے نکلے تو میں گھر سے نکل جاؤں گا۔ مگر میں نے ان کی صداقت کو سمجھا اور میرا ایمان بڑھتا گیا حتیٰ کہ جب آپ فوت ہوئے تو میرا یقین اور بھی بڑھ گیا''۔

(سوانح فضل عمر جلد اول صفحہ 96)

ط۔ شکیل

میرے ابو محترم ضیاء الدین حمید ضیاء صاحب کے چند ایمان افروز واقعات

ہمارے پیارے ابو مکرم ضیاء الدین حمید ضیاء صاحب فزیو تھراپسٹ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی مورخہ 12 جولائی 1927ء کو بمقام یاڑی پورہ ریاست کشمیر میں پیدا ہوئے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے ازراہ شفقت آپ کو ضیاء الدین نام عطا فرمایا۔ ہماری دادی جان مکرمہ مریم بیگم صاحبہ حضرت صوفی احمد جانصاحب کی نواسی اور حضرت منشی عبدالرحمٰن صاحب آف کپورتھلہ کی پوتی تھیں۔ دادا جان حضرت حکیم مولوی نظام الدین کا ذکر داستان کشمیر میں ملتا ہے۔ اس میں سے چند اقتباسات پیش کروں گی۔

حضرت حکیم نظام الدین صاحب

''مولوی نظام الدین صاحب کو حکیم نظام الدین کے نام سے بھی یاد کیا جاتا ہے۔ حکیم صاحب مرحوم کی پیدائش 1885ء ہے۔ آپ نے حضرت مسیح موعود کی بیعت 1902ء میں کی تھی۔ آپ کے والد ماجد کا نام چوہدری عبدالکریم تھا۔ جب حضرت مسیح موعود کی وفات ہوئی تو مولوی صاحب اس وقت پولیس میں بمقام لاہور ملازم تھے۔ جنازہ میں شرکت کی اجازت نہ ملنے پر ملازمت سے استعفیٰ دے دیا اور جنازہ میں شریک ہوئے۔ خلافت اولیٰ میں نہ صرف تجدید بیعت کی۔ بلکہ کچھ عرصہ دینی تعلیم حاصل کرنے کے لئے قادیان میں ہی سکونت اختیار کی۔ آپ کی اصل سکونت ریاست کپورتھلہ کے ایک گاؤں ''کھیراں والی'' کی ہے۔ مولوی صاحب کے والد اور والدہ دونوں ہی آپ کی صغرسنی میں فوت ہو چکے تھے حکیم مولوی نظام الدین صاحب کو حضرت مولانا نورالدین صاحب شاہی حکیم سے شرف تلمذ حاصل رہا ہے۔ خلافت اولیٰ سے قبل حکیم صاحب نے ایک کشفی نظارہ دیکھا کہ بہت سے لوگ قادیان میں جمع ہیں۔ اس جگہ ایک جنازہ ہے جو صحن میں پڑا ہوا ہے۔ لوگوں نے خلیفۃ المسیح کا انتخاب کرنا ہے۔ مگر چند لوگ مجلس سے اٹھ کر باہر چلے گئے۔ ان میں مولوی محمد علی صاحب اور خواجہ کمال الدین صاحب بھی ہیں۔ ایک فرشتہ سفید لباس میں ان کے سروں پر منڈلا رہا ہے اور ان کی طرف اشارہ کر کے کہتا ہے۔ افسوس ان لوگوں پر کہ انہوں نے تکبر کیا۔ تکبر کیا۔ تکبر کیا۔ چنانچہ آپ نے خلافت ثانیہ کی برضا ورغبت بیعت کی اور کچھ عرصہ کے بعد آپ نے اپنے آپ کو دعوت الی اللہ کے لئے وقف کر دیا۔

23/اپریل 1917ء کو پہلی دفعہ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے ارشاد پر جموں تشریف لے گئے اور اپنا ہیڈکوارٹر اکھنور میں بنایا۔

1917ء میں آپ کا نکاح حضرت منشی ڈاکٹر عبدالسمیع صاحب ابن حضرت منشی عبدالرحمٰن صاحب آف کپورتھلہ کی صاحبزادی مریم بیگم کے ساتھ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے پڑھا۔ اس شادی کے بعد آپ مع بیگم صاحبہ کشمیر تشریف لے گئے۔

1924ء میں بمقام شوپیاں آپ کی اہلیہ صاحبہ نے ایک گرلز سکول کا افتتاح کیا۔ بعد میں آپ نے بھدرواہ۔ کشتوار۔ ڈوڈا، اور بھمبر میں بھی سکولوں کا افتتاح کیا۔ دنیاوی تعلیم کے علاوہ تعلیم قرآن مجید بچیوں میں جاری کی۔

کشمیر کے قیام کے دوران مولوی صاحب نے حضرت مسیح کے متعلق تحقیقاتی رسالہ شائع کیا اور 1932ء میں مسیح موعود نام سے ایک مدلل رسالہ تصنیف فرمایا۔ جموں میں جب آپ کے خلاف وارنٹ گرفتاری جاری ہوئے۔ تو آپ قادیان تشریف لے آئے۔ بعد میں آپ کی بیگم صاحبہ کو بھی سکول کی ملازمت سے معطل کر دیا گیا۔ آپ بھی قادیان آ گئیں۔ تقسیم ہند کے وقت آپ لاہور تشریف لے آئے اور بیگم کوٹ شاہدرہ میں ایک لمبا عرصہ بطور صدر جماعت خدمات بجالاتے رہے اور 1966ء میں بیگم کوٹ لاہور سے سے ہجرت کر کے ربوہ میں مقیم ہو گئے۔ جہاں 7 جنوری 1970ء کو جماعت احمدیہ کا یہ کشمیر کا پہلا مربی اپنی زندگی گزار کر اللہ تعالیٰ کو پیارا ہوا۔

آپ کا جنازہ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے پڑھایا اور بہشتی مقبرہ ربوہ میں دفن ہوئے۔ چونکہ ابا جان کی پیدائش کشمیر کی تھی۔ اس لئے میں نے مناسب سمجھا کہ مختصر حالات اپنی دادی جان اور دادا جان کے بھی بیان کرتی چلوں۔

اب میں دوبارہ ابو جان کے مختصر حالات زندگی بیان کروں گی۔

مکرم ضیاء الدین حمید صاحب

ابو جان نے ابتدائی تعلیم مدرسہ احمدیہ قادیان میں حاصل کی۔ جنگ عظیم دوم کے دوران حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے نوجوان کو تحریک فرمائی۔ تو ابو بھی فوج میں بھرتی ہو گئے۔ ٹریننگ کے بعد آپ کی تبدیلی دارجیلنگ مغربی بنگال میں ہوگئی۔ جہاں آپ دارجیلنگ ویجی ٹیبل سنڈیکٹ میں فوج کی طرف سے لوکل پرچیزنگ آفیسر کے طور پر فرائض سرانجام دیتے رہے۔

دارجیلنگ کے تو بہت سے ایمان افروز واقعات ہیں۔ لیکن میں اختصار کے ساتھ چند واقعات بیان کروں گی۔

نماز اور دعا سے تعلق

ابو جب دارجیلنگ گئے تو ہمارے دادا جان کو قادیان خط لکھا کہ آپ پتہ کر کے لکھیں کہ دارجیلنگ میں کوئی احمدی دوست ہیں۔ اگر ہیں تو ان کا ایڈریس لے کر بھجوائیں۔ دادا جان خان بہادر ابوالہاشم صاحب کے پاس گئے اور ابو کا خط دیا۔ تو خان بہادر صاحب نے کہا ہاں دارجیلنگ میں میرے داماد رہتے ہیں جو وہاں ایک سکول میں ہیڈ ماسٹر ہیں۔

جب ابا جان کو دادا جان کا خط ملا تو خوشی کی کوئی انتہا نہ رہی اسی وقت کار لی اور ماسٹر صاحب کے گھر پہنچ گئے۔ ماسٹر صاحب نے بتایا کہ یہاں پر پانچ گھر احمدیوں کے ہیں۔ پھر اگلے روز ابو جان کی احباب جماعت نے ایک ہوٹل میں دعوت کی اور ابو نے احمدی بھائیوں کا تعارف حاصل کیا۔ ابو نے دریافت کیا کہ نماز جمعۃ المبارک کا کیا انتظام ہے۔ جواب نفی میں ملا تو ابو جان نے اپنے ایک دوست آنریری مجسٹریٹ ٹین ڈپلا صاحب سے بات کی انہوں نے فوراً ایک کمرے کا انتظام کر دیا اور اس طرح سے نماز سنٹر قائم ہو گیا۔

دارجیلنگ میں ہر وقت بادل چھائے رہتے تھے اور بارش بہت ہوتی تھی دوستوں کو نماز جمعہ کے لئے آنا مشکل ہوتا تھا ابو نے دوستوں سے کہا آج نماز جمعہ میں اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کریں کہ اے اللہ تعالیٰ جمعہ کے روز کم از کم تین گھنٹے کے لئے بارش روک دیا کرے دوستوں نے دعا کی۔ اللہ تعالیٰ نے قبول فرمائی اور آئندہ سے جمعۃ المبارک کے روز تین گھنٹے کے لئے سورج نکل آیا کرتا۔

دیانت داری

ابا جان نے جب چارج لیا تو سنڈیکٹ کے مینیجر سے جو ایک انگریز تھے کہا کہ میرے ہوتے ہوئے سپلائی میں کسی قسم کی بدعنوانی نہیں ہونی چاہئے۔ ابو کے ایک افسر کے پاس مینیجر صاحب نے شکایت کی کہ یہ شخص تو بہت سخت ہے۔ کہتا ہے نہ خود کھاؤں گا اور نہ کھانے دوں گا۔ آفیسر نے کہا میرے پاس کیوں آئے ہو اس کو ایک بڑی رقم کی پیشکش کرو۔ وہ خود ہی مان جائے گا اور آپ کو تنگ نہیں کرے گا۔ انہوں نے ابو کو ماہوار نو ہزار روپے کی پیش کش کی جو اس زمانے کے لحاظ سے بہت بڑی رقم تھی۔ ابو نے کہا میں ایک احمدی ہوں اور رشوت حرام ہے۔ وہ لوگ دوبارہ افسر کے پاس گئے اور سارا ماجرہ بتلایا۔

انہوں نے ابو کو بلا کر ساری بات سمجھائی اور کہا مجھے بہت خوشی ہوئی ہے آپ رشوت نہیں لیتے۔ آپ نہ لیں ان کو تنگ نہ کریں۔ ورنہ ہیڈ کوارٹر آپ کو یہاں سے تبدیل کر دے گا۔ میں نہیں چاہتا کہ آپ کو یہاں سے تبدیل کیا جائے اس پر ابو نے کہا ٹھیک ہے جیسے آپ کہتے ہیں لیکن میں بری الذمہ ہوں۔ آپ جانیں اور آپ کا کام۔ اس پر امریکن برٹش ہسپتالوں سے شکایات آنی شروع ہو گئیں کہ ہم کو سبزی کا کوٹہ پورا نہیں مل رہا۔ اس شکایت پر ہیڈ کوارٹر نے ایک بریگیڈیئر صاحب کو سرپرائز چیکنگ کرنے کے لئے مقرر کیا بریگیڈیئر صاحب نے کلکتہ سے ابو کو فون کیا۔ کہ کل میں چیکنگ کے لئے آ رہا ہوں کلکتہ سے دارجیلنگ آتے ہوئے بریگیڈیئر صاحب نے راستے میں کئی جگہ میں چیکنگ کی۔ جب بریگیڈیئر صاحب دارجیلنگ پہنچے تو اس افسر نے ابو کے بارے سب کچھ بتلا دیا اور بریگیڈیئر صاحب میجر صاحب کو لے کر سنڈیکٹ میں پہنچے ابو باہر بیٹھے کتاب پڑھ رہے تھے ابو نے بریگیڈیئر صاحب کو نہیں دیکھا۔ جب وہ چیکنگ کر کے واپس ہوئے تو ابو نے ان کی جیپ دیکھی۔ ابو نے دفتر کے اندر آ کر مینیجر صاحب کو کہا کہ آپ نے مجھے کیوں نہیں بلوایا۔ تو انہوں نے جواب دیا۔ بریگیڈیئر صاحب نے منع کر دیا تھا اور کہا تھا ضیاء الدین صاحب کو کتاب پڑھنے دیں اور ڈسٹرب نہ کریں۔

ابو افسر کے پاس آئے تو انہوں نے بتلایا۔ بریگیڈیئر صاحب آپ سے بہت خوش ہیں عنقریب آپ کے سپرد ایک اور کام سونپا جا رہا ہے۔ گھوم میں جو ملٹری فارمز ہیں ان کا انچارج میجر اکیلا ہی سب کچھ ہڑپ کر رہا ہے۔ اس کو چیک کرنے کی ڈیوٹی آپ کی لگائی جا رہی ہے۔ ابو نے کہا میں تو ایک جونیئر آفیسر ہوں اور وہ بھی انڈین، اور وہ میجر ہیں اور انگریز ہیں میں ان کو کیسے چیک کروں گا۔

میجر صاحب نے کہا ہیڈ کوارٹر والوں نے آپ کی ایمانداری اور کام کو دیکھ کر یہ اتھارٹی آپ کو سونپی ہے۔

ابو کے لئے گھوم کی طرف جانا بہت اچھا رہا ابو ایک روز گاڑی لے کر فارمز میں چلے گئے جو گھوم سے 12-10 کلومیٹر دور تھے وہاں پر ایک انگریز آفیسر انچارج تھا۔ ابو نے جا کر اپنا تعارف کرایا اور کہا کہ مزدوروں کی حاضری کا رجسٹر لے آئیں۔ ابو نے حاضری لی تو رجسٹر پر 200 مزدوروں کے نام لکھے ہوئے تھے لیکن حاضر صرف 100 تھے۔ ابو نے اس افسر سے پوچھا باقی 100 مزدور کہاں ہیں۔ ابو نے رجسٹر پر ریمارکس لکھے اور دستخط کر کے رجسٹر اس افسر کے ہاتھ میں تھما دیا۔ وہ بہت پریشان ہو گیا۔ ابو نے دفتر پہنچ کر میجر صاحب کو فون پر سب کچھ بتلا دیا۔ میجر صاحب کہنے لگے ہمیں تو خیال بھی نہیں تھا کہ اس طرح سے 100 مزدوروں کی تنخواہ یہ لوگ اپنی جیب میں ڈال رہے ہیں۔ ابو نے اگلے روز سبزی کی چیکنگ کا فیصلہ کر لیا۔ جو کلرک سبزی کی ٹوکریاں ہینڈ اوور کرنے آتا تھا۔ ابو نے اس کو کہا۔ کہ آج میں چیک کروں گا لیکن اپنے میجر صاحب کو جا کر نہ بتلانا ورنہ تمہاری نوکری خطرے میں پڑ جائے گی اس نے وعدہ کیا میں میجر صاحب کو نہیں بتلاؤں گا۔ چیکنگ پر پتہ لگا۔ کہ ووچر پر 20 ہزار پونڈ لکھا ہوا ہے اور حاضر صرف 15 ہزار پونڈ ہے۔ ابو نے میجر صاحب کو فون پر بتلایا تو میجر صاحب کہنے لگے کل میں خود آؤں گا۔ اگلے روز میجر صاحب DC دارجیلنگ کو ساتھ لے آئے اور

گھوم ریلوے سٹیشن کے سٹیشن ماسٹر کو بھی بلوا لیا اور ان کے سامنے چیکنگ کی تو آج بھی سبزی کم تھی اور ووچر پر زیادہ لکھی ہوئی تھی۔ میجر صاحب نے سرخ روشنائی سے رپورٹ لکھی اور DC صاحب اور سٹیشن ماسٹر صاحب کو گواہ بنا کر ان کے نیچے دستخط لے لئے اور رپورٹ ہیڈ کوارٹر بھجوا دی۔ چند دنوں کے بعد ملٹری فارمز کے میجر صاحب کی تبدیلی کے آرڈر آ گئے اور ساتھ ہی میجر کے عہدے سے ہٹا کے لیفٹیننٹ بنا دیا گیا۔

اور ابو کے لئے نئے آرڈر آ گئے آپ کو دارجیلنگ۔ گھوم۔ اور کالم پانگ کے سینٹرز کا انچارج بنا دیا گیا۔ ابو نے اپنا ہیڈ کوارٹر دارجیلنگ میں ہی رکھا۔ البتہ انسپیکشن کے لئے چلے جاتے تھے۔ جنگ ختم ہو چکی تھی۔ ابو کی یونٹ بھی دارجیلنگ سے کلکتہ آ چکی تھی۔ یہاں ابو پر ایک ہندوستانی مسلمان افسر نے انگریز افسروں سے مل کر ایک کیس بنا دیا اور کورٹ مارشل بٹھا دیا گیا۔

باعزت بریت

ابو نے یہ سارا واقعہ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی خدمت میں لکھا اور دعا کی درخواست کی اور پھر ہر ہفتہ میں ایک کارڈ بغرض دعا حضور کی خدمت میں لکھتے رہے۔ یہ مقدمہ چھ ماہ تک چلتا رہا آخر کار ابو کو عدالت میں پیش کیا گیا۔ جب ابو عدالت میں گئے تو آپ کے لئے کرسی رکھی ہوئی تھی۔ ابو کے خلاف گواہی دینے والے افسران بھی بیٹھے ہوئے تھے ان میں ایک انگریز کرنل بھی تھے۔ جج صاحب نے حلف وغیرہ اٹھوانے کے بعد ابو سے پوچھا آپ انگریزی جانتے ہیں ابو نے جواب دیا یس سر پھر جج نے پوچھا کیا آپ قصوروار نہیں۔ ابو نے کہا جی نہیں‘‘ اس پر جج صاحب فیصلہ لکھنے لگے۔ فیصلہ یہ تھا۔

مسٹر ضیاء الدین آپ کو باعزت بری کیا جاتا ہے اور ساتھ ہی ان گواہوں کے خلاف ہتک عزت کا دعوٰی کرنے کی اجازت دی جاتی ہے۔ پھر کیا تھا۔ وہ تمام مخالف افسر اپنا سا منہ لے کر عدالت سے باہر نکلے وہ جو انگریز کرنل تھا۔ وہ کہنے لگا یہ تو ہماری بہت ہی بے عزتی ہے۔ کہ ہمیں ایک معمولی آدمی عدالت میں کھینچے۔ ان کا بھائی ہیڈ کوارٹر میں بریگیڈیئر تھا۔ وہ اپنے بھائی کے پاس گئے اور فریاد کی بھائی نے کہا آپ لوگ ذلیل ہو چکے اب کیا کوئی کسر باقی ہے؟۔ میں خود اس شخص کو ملوں گا۔ جب وہ ابو کو ملے تو ابو نے دیکھا کہ یہ تو وہی بریگیڈیئر صاحب ہیں جو دارجیلنگ آئے تھے اور کہتے تھے ضیاء الدین کو کتاب پڑھنے دو۔ ڈسٹرب مت کرنا۔ جب ابو کو بریگیڈیئر صاحب نے دیکھا تو وہ بھی محوِ حیرت ہو گئے۔ انہوں نے ابو کو مبارک باد دی اور دریافت کیا کہ ان افسران کے خلاف دعوٰی کرنے کا ارادہ ہے یا نہیں ابو نے کہا سر! جنگ ختم ہو چکی ہے ریلیز شروع ہے۔ آج نہیں تو کل میرا نمبر بھی آ جائے گا۔ آپ کو اختیار ہے آپ مجھے پہلے ہی ریلیز کر دیں میں قادیان گھر جانا چاہتا ہوں۔ بریگیڈیئر صاحب نے کہا ٹھیک ہے کاغذات مکمل ہونے پر میرا ڈرائیور آپ کو ہوڑہ سٹیشن پر الوداع کر آئے گا۔

چند روز بعد ابو کو فارغ کر دیا گیا اور سیکنڈ کلاس کا ریلوے کا ٹکٹ قادیان کے لئے دے دیا گیا۔ ان دنوں ریلوے کے چار درجے ہوتے تھے۔ درجہ اول، درجہ دوم، درجہ انٹر کلاس اور درجہ سوم۔

یہ واقعہ آج بھی ابو کسی کو سناتے ہیں تو اس کو یقین نہیں آتا۔ لیکن خلیفۃ المسیح کی دعاؤں سے اللہ تعالیٰ نے اتنا بڑا معجزہ دکھلایا کہ یقین نہیں آتا۔ لیکن یہ بالکل سچا واقعہ ہے۔

وقف زندگی

قادیان آنے کے بعد ابو نے تحریک جدید کے شعبہ تجارت میں زندگی وقف کر دی اور آپ کو بمبئی بھجوا دیا گیا۔ 1947ء کے فرقہ وارانہ فسادات میں آپ بمبئی سے قادیان چلے آئے قادیان میں آنے کے بعد آپ نے اپنے آپ کو درویشان قادیان میں پیش کر دیا۔ آپ کا نمبر 301 تھا۔ آپ کو ہدایت ملی کہ مستقل رہائش رکھنی ہوگی جب حکم ملے جانا ہوگا پھر آپ کو 10 نومبر 1947ء کو حکم ملا۔ کہ آپ اس کانوائے سے پاکستان چلے جائیں اور 25 دسمبر 1947ء کو حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی خدمت میں حاضر ہو کر رپورٹ کریں۔ اس طرح ابو 10 نومبر 1947ء کو لاہور رتن باغ میں تشریف لے آئے۔ چند دنوں کے بعد ابو نے حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب سے دریافت کیا میرے لئے کیا حکم ہے۔ حضرت میاں صاحب نے فرمایا آپ ملازمت کر لیں ضرورت پڑنے پر بلا لیا جائے گا۔ ایک روز آپ ڈسٹرکٹ کورٹ لاہور میں گئے تو وہاں پٹواریوں کی بھرتی ہو رہی تھی آپ بھی لائن میں کھڑے ہو گئے۔ آپ کو منتخب کر لیا گیا اور تحصیل ملتان میں بطور ری ھیبلی ٹیشن پٹواری بھجوا دیا گیا۔

تحصیل ملتان کے تحصیل دار صاحب ایک نیک دل اور شریف انسان تھے۔ انہوں نے ابو کی کرسی اپنی میز کے دوسری طرف لگوا دی اور ابو کو زمینوں کی الاٹمنٹ۔ کاٹن فیکٹریوں کی نگرانی اور دیہاتوں میں مہاجرین میں برتن اور کپڑے تقسیم کرنے کے فرائض سپرد کئے۔

مہاجرین کی خدمت

ایک روز 3۔ اشخاص جو ایک کار میں بیٹھ کر آئے تھے ابو کے دفتر میں داخل ہوئے اور ابو کو باہر لے جا کر کہنے لگے یہاں ملتان میں ایک بیوہ خاتون ہیں اس نے اپنے نام آموں کا ایک باغ الاٹ کروا لیا ہے۔ آپ اس کی الاٹمنٹ منسوخ کر کے وہ باغ ہمارے نام کر دیں اس کام کے لئے ہم آپ کی خدمت میں ایک لاکھ روپے پیش کریں گے۔ ابو نے ان کی بات غور سے سنی اور کہا آپ کل تشریف لے آئیں میں اس بیوہ خاتون کو بھی بلوا لوں گا اور تحصیل دار صاحب کی خدمت میں یہ سارا معاملہ پیش کروں گا۔ ابو نے تحصیل دار صاحب کو سب کچھ بتلا دیا۔ اگلے روز وہ لوگ آئے۔ بیوہ خاتون بھی حاضر تھی۔ تحصیل دار صاحب نے دونوں کے دلائل سنے اور ابو سے کہا آپ ان کا فیصلہ لکھ دیں۔ ابو نے فیصلہ بیوہ خاتون کے حق میں کر دیا اور دستخطوں کے لئے تحصیل دار صاحب کے سامنے پیش کر دیا۔ تحصیل دار صاحب نے دستخط کر دئے۔ وہ لوگ ابو کو برا بھلا کہتے ہوئے چلے گئے اور بیوہ خاتون دعائیں دیتی ہوئی دفتر سے باہر گئی۔ تحصیل دار صاحب فرمانے لگے تم نے بالکل صحیح فیصلہ کیا ہے۔ ابو کو پٹوار کی ملازمت پسند نہیں آئی۔ ابو نے تحصیل دار صاحب کو کہا کہ میں لاہور جانا چاہتا ہوں میرا دل بہت اداس ہے۔ تحصیل دار صاحب نے کہا کہ آپ جا سکتے ہیں۔ میں آپ کی ایک ماہ کی رخصت منظور کرتا ہوں۔

ابو لاہور آ کر فوج کے میڈیکل کے محکمہ میں بھرتی ہو گئے اور تحصیل دار صاحب کی خدمت میں استعفیٰ بھجوا دیا۔ تحصیل دار صاحب کو بہت افسوس ہوا۔ انہوں نے ابو کو ایک ماہ کی تنخواہ بھی بھجوا دی اور لکھا کہ آپ نے سروس چھوڑ کر اچھا نہیں کیا۔ میں نے آپ کو اپنا بیٹا سمجھا تھا۔ میں تو آپ کو ایک سال کے اندر اندر قانون گو بنانا چاہتا تھا اور سوچ رہا تھا جب میں ریٹائر ہو گیا تو میری کرسی پر میرا بیٹا بیٹھے گا۔ لیکن افسوس میری ساری امیدوں پر آپ نے پانی پھیر دیا ہے۔ آپ کی یاد ہمیشہ مجھے آتی رہے گی اور میری دعائیں ہمیشہ آپ کے لئے ہوں گی۔

پا کے دکھ آرام دو

فوج کی میڈیکل سروس میں بھی بہت سے ایمان افروز واقعات ہیں۔ ابو کی تبدیلی آزاد کشمیر میں 3 پنجاب رجمنٹ میں بطور رجمنٹل میڈیکل آفیسر کے ہو گئی۔ ایک مولوی صاحب نے نماز جمعہ کے خطبہ میں ابو کو اور حضرت مسیح موعود کو برا بھلا کہا۔ ابو نے خاموشی اختیار کی اور چپ رہے کوئی جواب نہیں دیا۔ چند دنوں کے بعد یہ رجمنٹ آزاد کشمیر سے تبدیل ہو کر بنوں آ گئی اور مولوی صاحب نے اپنے بیوی بچوں کو بھی بنوں بلوا لیا۔ ایک روز رات کے وقت مولوی صاحب ابو کے پاس آئے اور کہنے لگے میری اہلیہ صبح سے بہت بیمار ہے بہت علاج کیا لیکن بیماری بڑھتی جا رہی ہے وہ تڑپ رہی ہے آپ چل کر دیکھ لیں ابو نے گھر سے ایک پڑیا ان کو دی اور کہا اس کو جوس کے ساتھ دیں انشاء اللہ آرام آ جائے گا اور صبح میں گھر آ کر دیکھوں گا۔ صبح جب ابو مولوی صاحب کے گھر گئے تو مولوی صاحب کی بیگم صاحبہ کچن میں ناشتہ تیار کر رہی تھیں ابو کو دیکھ کر کہنے لگی میں آپ کے لئے ناشتہ تیار کر رہی ہوں آپ ناشتہ کئے بغیر نہ جائیں اور کہنے لگی آپ نے جو دوائی کی پڑیا بھجوائی تھی اس کو کھانے کی دیر تھی مجھے سکون آ گیا اور رات بھر میٹھی نیند سوئی ہوں۔ پھر وہ پراٹھے حلوہ اور چائے وغیرہ لے کر آ گئی۔ مولوی صاحب ابو کے بہت مشکور تھے اور کہنے لگے میں نے آزاد کشمیر میں آپ کے خلاف اور حضرت مسیح موعود کے خلاف نازیبا الفاظ کہے تھے میں آپ سے معافی مانگتا ہوں۔ ابو نے کہا مجھ سے نہیں اللہ تعالیٰ کے حضور استغفار کریں اور آج بھی جمعۃ المبارک ہے آج بھی آپ نماز جمعہ کے خطبہ میں اعلان کریں کہ جو کچھ میں نے کشمیر میں کہا تھا وہ سب غلط تھا۔ مولوی صاحب بہت جرأت مند نکلے اور اعلان کیا کہ میں سب کے سامنے اقرار کرتا ہوں کہ احمدی سچے ہیں اور میں ڈاکٹر صاحب سے سب کے سامنے معافی مانگتا ہوں اللہ اللہ۔ اللہ تعالیٰ نے کتنا بڑا معجزہ دکھلایا اور ابو کا نام عزت واحترام سے لیا جانے لگا۔

جنرل عتیق الرحمٰن صاحب پشاور بنوں انسپیکشن کے لئے تشریف لائے۔ ابو کی ڈسپنسری میں بھی آئے۔ ابو نے جنرل صاحب کو سلام کیا جنرل صاحب کہنے لگے تم نے غلط پاؤں اٹھا کر سلوٹ کیا ہے۔ یہ دروازہ بند کر کے 3 بیٹھکیں نکالیں۔ انسپیکشن ختم کر کے جنرل صاحب کرنل صاحب کو کہنے لگے۔ میں ذرا ڈسپنسری چلتا ہوں۔ کرنل صاحب بھی ساتھ چلنے لگے تو جنرل صاحب نے کہا آپ دفتر میں ہی بیٹھیں میں اکیلا ہی جاؤں گا۔ جنرل صاحب ڈسپنسری میں آئے اور ابو سے پوچھنے لگے کہ بیٹھکیں نکال لی ہیں۔ ابو نے کہا دو تو نکال لی ہیں لیکن کیا میں آپ سے ایک سوال کر سکتا ہوں جنرل صاحب نے کہا کیوں نہیں۔ تو ابو نے کہا آپ کو میرا پاؤں تو نظر آ گیا لیکن میری پتلون نظر نہیں آئی جولائی کی سخت گرمی میں گرم پتلون پہنی ہوئی ہے۔ جنرل صاحب کہنے لگے معاف کرنا میری نظر پتلون کی طرف تو گئی نہیں ابو نے بتلایا کہ مجھے تکلیف ہے۔ پھر کیا تھا جنرل صاحب ابو کے دوست بن گئے اور پشاور جا کر آرڈر کیا کہ ابو کو وہ تمام اختیارات حاصل ہیں جو کہ میڈیکل آفیسر کو ہوتے ہیں اور ان کی یونٹ میں کوئی دوسرا میڈیکل آفیسران کے کام میں دخل نہیں دے گا۔ جب یہ آرڈر میڈیکل سروس کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر کرنل صدیقی صاحب نے پڑھا تو ابو کو مبارک باد دی اور کہا آپ کو کوئی بھی مسئلہ ہو تو مجھے بتلائیں میں آپ کی مدد ہر طرح سے کروں گا۔ لیکن بعض افسر حاسد بھی تھے۔

عوام میں مقبولیت

ابو کی تبدیلی ایبٹ آباد ہو گئی ابو نے رخصت لے لی اور ربوہ آنے کی تیاری کی۔ جب بنوں سے ٹرین چلنے لگی تو امیر صاحب بنوں اور بہت سے دوسرے جماعت کے دوست الوداع کرنے کے لئے سٹیشن پر موجود تھے۔ ان کے علاوہ قبائلی علاقہ سے بہت سے بچے عورتیں مرد جوان اور بوڑھے بھی سٹیشن پر ابو کو الوداع کرنے آئے ہوئے تھے۔ جب ٹرین چلی تو وہ لوگ جو وزیرستان سے آئے ہوئے تھے زار و قطار رونے لگے۔ امیر صاحب نے ان سے پوچھا آپ لوگ کون ہیں اور کیوں رو رہے ہیں۔ انہوں نے بتلایا ضیاء الدین ہمارے ڈاکٹر نہیں تھے بلکہ وہ تو ہمارے ماں باپ تھے۔ آج وہ ہم سے جدا ہو گئے ہیں ایسے لگتا

ہے ہمارے ماں باپ ہمیں چھوڑ کر چلے گئے ہیں۔

جلسہ پر ربوہ جب نواب زادہ محمد امین خاں صاحب تشریف لائے تو انہوں نے سارا واقعہ بیان کیا۔ امیر صاحب کہنے لگے ہم تو آپ کو صرف قائد خدام الاحمدیہ ہی سمجھتے رہے بعد میں پتہ لگا آپ کو قبائل کے لوگ بھی اپنا سردار سمجھتے ہیں۔ اور ان کے دلوں میں بھی آپ نے قبضہ کیا ہوا تھا۔ ابو نے کہا خان صاحب یہ سب حضور کی دعاؤں کا نتیجہ ہے اور اللہ کا فضل ہے۔ ورنہ میں تو کوئی حیثیت نہیں رکھتا ہوں۔

ابو ایبٹ آباد سے تبدیل ہو کر لاہور آ گئے ہسپتال کے آفیسر وارڈ کا چارج لیا۔ چارج لینے کے بعد وارڈ کے مریضوں کو دیکھنے لگے ایک کمرے میں ایک میجر صاحب بیمار لیٹے ہوئے تھے ابو نے ان کو اپنا تعارف کروایا۔ تو وہ میجر صاحب رو پڑے اور کہنے لگے 40 دن سے مجھے بخار ہے اور میرا بخار اتر نہیں رہا ڈاکٹروں نے ہر طرح کا علاج آزما لیا ہے۔ مجھے لگتا ہے کہ اب میرا وقت آخری ہے آپ اتنی مہربانی کریں مجھے کھاریاں ہسپتال میں ٹرانسفر کر دیں کھاریاں میں میرا گھر ہے مروں تو گھر کے قریب مروں۔ ابو نے ان کو تسلی دی اور دفتر میں آ کر ان کی میڈیکل ہسٹری نکالی اور اس کا بغور مطالعہ کیا اور دل میں فیصلہ کر لیا کہ اس کا علاج میں خود کروں گا۔ مگر انتظامیہ نے کہا کہ ضیاء صاحب ایک مشکل یہ ہے کہ یہ مریض کنسلٹنٹ محی الدین صاحب کا ہے۔ ابو نے رات اللہ تعالیٰ کے حضور بہت دعا کی اور صبح جب ہسپتال آئے تو پتہ لگا کہ محی الدین صاحب 10 روز کی رخصت پر چلے گئے ہیں۔ ابو نے علاج شروع کیا اور جب صبح مریض کو دیکھنے گئے تو اللہ تعالیٰ کے فضل اور رحم سے اس کا بخار اتر چکا تھا۔ مریض کہنے لگا مجھے گرمی لگتی ہے۔ ایئر کنڈیشنڈ روم میں شفٹ کر دیں۔ ہسپتال میں ایک میڈیکل بورڈ بیٹھا کرتا تھا جس میں لاہور کے بڑے بڑے ڈاکٹر صاحبان اور سول اور فوجی میٹنگ کیا کرتے تھے۔ کرنل صادق صاحب نے اس مریض کو بورڈ کے سامنے پیش کیا۔ بورڈ کے صدر صاحب نے ریمارکس دیئے۔ ہم اس مریض کی تشخیص اور علاج سے متفق ہیں۔ کرنل صاحب خوشی خوشی ابو کے پاس آئے اور مبارکباد دی۔

ابو کی تبدیلی آخر وارڈ سے میڈیکل سٹور میں ہو گئی اور انہوں نے میڈیکل کا چارج لے لیا۔ ایک روز صادق صاحب سٹور میں تشریف لائے اور ابو سے کہنے لگے ایک میجر صاحب داخل ہوئے ہیں مجھے تو وہ بہانہ ساز لگتا ہے۔ آپ آ کر دیکھ لیں ابو نے جا کر اس کو مشورہ دیا۔ کہ یہ مکر نہیں ہے بلکہ نفسیاتی مریض ہے اور اس کا یہ علاج ہے آپ کو کم از کم 3 ماہ تک علاج کرنا ہو گا اور اس کو ہسپتال سے گھر نہیں جانے دینا۔ وہ مریض بھی بالکل ٹھیک ہو گیا کرنل صاحب ابو کے بہت ممنون تھے۔

ہسپتال کے کرنل انچارج صاحب نے ایک روز تمام افسروں کی میٹنگ بلوائی اور کہا ہسپتال کے کچن سے سامان سمگل ہو جاتا ہے اور مریض تک نہیں پہنچتا۔ آپ کوئی مشورہ دیں۔ کرنل صادق صاحب کہنے لگے اس کا حل ایک ہی ہے آپ کسی بھی احمدی کو کچن کا انچارج بنا دیں سمگلنگ خود بخود رک جائے گی۔ ابو کے مشورہ پر ایک احمدی افسر سردار خان صاحب کو کچن کا چارج دلوا دیا گیا۔

لاہور ہی کا ایک واقعہ ہے۔ ایک شام ابو ہسپتال گئے تو کیا دیکھتے ہیں حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب کار سے اتر رہے ہیں ابو دوڑ کر حضرت میاں صاحب کے پاس پہنچے اور شرف مصافحہ حاصل کیا۔ حضرت میاں صاحب کے ساتھ آپ کے بڑے بیٹے صاحبزادہ مرزا مظفر احمد صاحب بھی تھے۔ وہ جب کار کا دروازہ بند کرنے لگے تو ان کی انگلی دروازے میں پھنس کر زخمی ہو گئی۔ ابو نے ڈیوٹی میڈیکل آفیسر کو کہا کہ یہ مسٹر ایم۔ ایم احمد ہیں چیف سیکرٹری آف ایسٹ پاکستان ان کی ڈریسنگ کر دیں اور ابو خود حضرت مرزا بشیر احمد صاحب کو لے کر آفیسر وارڈ کی طرف چل پڑے جہاں آپ کے داماد میجر وقیع الزماں صاحب (جو بعد میں بریگیڈیئر کے عہدہ سے ریٹائر ہوئے)۔ کا آپریشن ہوا تھا۔ ان کے پاس ملنے کے لئے گئے۔ حضرت میاں صاحب فرمانے لگے ضیاء صاحب آپ کو تو ربوہ میں ہونا چاہئے تھا۔ ابو نے عرض کی میاں صاحب دعا کریں اللہ تعالیٰ کوئی اسباب پیدا فرما دے۔ تو میں ربوہ آ جاؤں گا۔ اس کے بعد جب حضرت میاں صاحب بیمار تھے اور لاہور میں ٹھہرے ہوئے تھے تو آپ کو گھر پر دیکھنے کے لئے میجر محمود الحسن صاحب (جو بعد میں جنرل کے عہدہ سے ریٹائر ہوئے) وہ ابو کو بھی ساتھ لے جاتے۔ حضرت میاں صاحب فرمانے لگے ضیاء صاحب آپ ابھی تک یہاں ہی ہیں آپ ربوہ آ جائیں آپ کے لئے ربوہ مناسب ہے۔ ابو نے عرض کی میاں صاحب فی الحال تو مشکل نظر آتا ہے۔ آپ میرے لئے خاص دعا کریں۔ ابو لاہور سے تبدیل ہو کر انجینئرنگ بٹالین میں کھاریاں آ گئے۔ اس دوران حضرت میاں صاحب وفات پا چکے تھے ایک رات ابو نے خواب میں حضرت میاں صاحب کو دیکھا۔ ابو جنرل نذیر صاحب کے ساتھ بیٹھے ہوئے ہیں اور سامنے حضرت میاں صاحب بیٹھے ہوئے ہیں۔ حضرت میاں صاحب فرماتے ہیں۔ ضیاء صاحب آپ فوج میں لیفٹیننٹ بن جائیں گے۔ لیکن آپ کے لئے ربوہ جانا فوج سے بہتر ہے۔ تب ابو نے فیصلہ کر لیا کہ فوج کی سروس چھوڑ دوں۔ ابو کو ریڑھ کی ہڈی میں ایک پرانی تکلیف تھی اسی کے لئے ڈاکٹر کو بتلایا اور کہا کہ مجھے فوج سے فارغ کر دیا جائے۔ آپ کی بہت مہربانی ہو گی۔ کسی طرح یہ خبر بریگیڈیئر سرور صاحب کو ہو گئی وہ ایبٹ آباد میں تھے انہوں نے ڈاکٹر صاحب کو فون کیا کہ ضیاء الدین کا بورڈ نہ کریں اس سے کہیں اگلے ماہ اس کی ترقی ہو رہی ہے وہ سروس نہ چھوڑے۔ کرنل ڈاکٹر صاحب نے ابو سے کہا کہ رات بریگیڈیئر سرور صاحب کا فون آیا تھا وہ یہ کہہ رہے ہیں اب تمہارا کیا ارادہ ہے۔ سوچ کر مجھے بتلاؤ ابو نے ان سے کہا سر میں گھر جانا چاہتا ہوں آپ مجھے فارغ کر دیں۔ ایک ہفتہ کے بعد دوبارہ بریگیڈیئر سرور صاحب کا فون آیا کہ آپ ضیاء الدین کو سمجھائیں۔ اپنا مستقبل خراب نہ کریں اب کمیشنڈ مل رہا ہے اب بالکل نہ جائیں۔ ایک ماہ تک انتظار کرے ڈاکٹر کرنل صاحب نے ابو سے دوبارہ کہا اور کہا ایک ہفتہ تک سوچ لیں پھر جیسے تم کہو گے کروں گا۔ ابو نے دعا کے بعد آخر سروس چھوڑنے کا فیصلہ کر لیا اور فوج سے فارغ ہو کر ربوہ آ گئے۔

ابو ماموں کے کہنے پر حضرت ڈاکٹر صاحبزادہ مرزا منور احمد صاحب کے پاس درخواست لے کر گئے۔ میاں صاحب نے فرمایا مجھے افسوس ہے ہسپتال میں کوئی جگہ خالی نہیں ہے۔ ابو دل میں خوش ہوئے کہ اچھا ہے اگر نوکری ہی کرنی تھی تو پھر فوج کی نوکری کیوں چھوڑتا۔ اچھا ہوا اور لالیاں میں جا کر اپنا کلینک کھول لیا۔ لیکن ابو کا دل نہیں لگ رہا تھا۔ کچھ سمجھ نہیں آ رہا تھا ماں باپ لاہور میں تھے گھر لاہور میں تھا۔ آخر اللہ تعالیٰ کی کیا مرضی ہے۔ ایک روز جب کلینک بند کر کے گھر آ رہے تھے تو راستے میں بہت غمزدہ تھے اللہ کے حضور بڑے درد و الحاح سے دعا کی اور گھر آئے آپ کی نواسی نے کہا حضرت میاں منور احمد صاحب کا پیغام آیا تھا آپ کو صبح گھر پر بلوایا ہے اور کہا جمعہ سے پہلے گھر پر مل لیں۔ اگلے روز نماز جمعہ سے پہلے ابو حضرت میاں صاحب کے ہاں گئے۔ میاں صاحب کہنے لگے سنا ہے آپ نے لالیاں میں کلینک کھول لیا ہے۔ ابو نے کہا کچھ تو کرنا تھا ہی میاں صاحب کہنے لگے مجھے افسوس ہے ہسپتال میں کوئی جگہ نہیں ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے لئے فزیوتھراپسٹ کی ضرورت ہے۔ آپ آ جائیں۔ ابو نے کہا میں تو فزیوتھراپی کے بارے میں زیادہ نہیں جانتا۔ البتہ میں آپ کو اس کام کا ماہر بتلاتا ہوں۔ وہ جنرل گریسی کے فزیوتھراپسٹ رہ چکے ہیں۔ ان کا نام اسداللہ ہے۔ میاں صاحب نے کہا میں ان کو جانتا ہوں ایک دفعہ لاہور میں چوہدری اسداللہ خان صاحب کے ہاں ان سے ملاقات ہوئی تھی مجھے تمہاری ضرورت ہے۔ ابو نے کہا جیسے آپ فرمائیں۔ پھر تیار ہو جاؤ اور کراچی جا کر پروفیسر ڈاکٹر ذکی الحسن صاحب جو کہ حضور کے معالج ہیں ان کو جناح ہسپتال میں مل لو۔ ایک ماہ کے بعد ابو ڈاکٹر صاحب کے ساتھ ربوہ آئے ڈاکٹر صاحب اور صاحبزادہ مرزا منور احمد صاحب اور ابو حضور کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ ڈاکٹر صاحب نے ابو کو ہدایات دیں اور واپس کراچی چلے گئے۔ اگلے روز ابو نے حضور کی خدمت میں حاضر ہو کر اپنا کام شروع کر دیا۔ اکتوبر کا مہینہ آیا حضرت میاں صاحب نے دریافت کیا کہ اس سال جلسہ سالانہ پر حضور تشریف لا سکیں گے کہ نہیں۔ ابو نے جواب دیا جیسا کہ حضور کی صحت دن بدن بہتر ہو رہی ہے اس حساب سے تو انشاء اللہ تعالیٰ حضور افتتاحی تقریر میں تشریف لا سکیں گے۔

لیکن اللہ تعالیٰ کو کچھ اور ہی منظور تھا۔ ابو نے خواب میں دیکھا کہ حضرت ام ناصر صاحبہ تشریف لائی ہیں اور فرماتی ہیں ضیاء صاحب میں حضور کو اپنے ساتھ لے جا رہی ہوں۔ آپ اسی طرح آتے رہیں اور اب آپ ناصر کا خیال رکھیں اور حضرت ام ناصر صاحبہ حضور کا ہاتھ پکڑ کے اپنے ساتھ لے گئیں۔ پھر سچ مچ آپ حضور کو اپنے ساتھ لے گئیں۔

ابو امی کے بارے میں اکثر کہا کرتے ہیں تمہاری امی کی میں خدمت نہ کر سکا جس کی وہ حق دار تھیں حالانکہ ابو جان نے جس طرح امی کی خدمت کی ہے بہت کم ایسا ہو گا بلکہ ہماری امی پر عورتیں رشک کیا کرتی تھیں کہ کاش اللہ سب کو ایسے ہی زندگی کے ساتھی دے ربوہ میں تو آپ محلّہ دارالعلوم کے صدر تھے لیکن جرمنی میں بھی جماعت اوون والو کے صدر رہے اور جرمنوں میں دعوت الی اللہ احسن طور پر کرتے رہے۔ اللہ تعالیٰ ابو کی زندگی میں برکت دے اور ہم بہن بھائیوں کو ابو کی خدمت کرنے کی توفیق دے۔ آمین

والد صاحب کی وفات

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:۔

حضرت مسیح موعود ہمیشہ اپنے والد صاحب کا ایک واقعہ لطف لے کر بیان کیا کرتے تھے کہ آپ جب فوت ہوئے اس وقت اسّی سال کے قریب عمر تھی مگر وفات کے ایک گھنٹہ پہلے آپ پاخانہ کے لئے اٹھے۔ آپ کو سخت پیچش تھی اور پاخانہ کے لئے جا رہے تھے کہ راستہ میں ایک ملازم نے آپ کو سہارا دیا مگر آپ نے اس کا ہاتھ جھٹک کر پرے کر دیا اور کہا کہ مجھے سہارا کیوں دیتے ہو؟ اس کے ایک گھنٹہ کے بعد آپ کی وفات ہو گئی۔ (الفضل جلد 23 نمبر 27 صفحہ 3)

جب آپ کے والد صاحب فوت ہو گئے تو آپ نے سب کاموں سے بالکل قطع تعلق کر لیا اور مطالعہ دین اور روزہ داری اور شب بیداری میں ہی اپنے اوقات بسر کرنے لگ گئے اور اخبارات و رسائل کے ذریعہ دشمنان (۔) کے حملوں کا جواب دیتے رہتے اس زمانہ میں لوگ ایک ایک پیسہ کے لئے لڑتے ہیں مگر آپ نے اپنی سب جائیداد اپنے بڑے بھائی صاحب کے سپرد کر دی۔ کھانا ان کے گھر سے آپ کو آ جاتا اور جب وہ ضرورت سمجھتے کپڑے بنوا دیتے اور آپ نہ جائیداد کا حصہ لیتے اور نہ اس کا کوئی کام کرتے لوگوں کو نماز روزہ کی تلقین کرتے..... اور غریبوں مسکینوں کی بھی خبر رکھتے اور تو آپ کے پاس کچھ تھا نہیں بھائی کے ہاں سے جو کھانا آتا اسی کو غرباء میں بانٹ دیتے اور بعض دفعہ دو تین تولہ غذا پر گزارہ کرتے اور بعض دفعہ یہ بھی نہ باقی رہتی اور فاقہ سے ہی رہ جاتے، یہ نہیں تھا کہ آپ کی جائیداد معمولی تھی اور آپ سمجھتے تھے کہ چلو گزارہ ہو رہا ہے اس وقت ایک سالم گاؤں آپ کے اور آپ کے بھائی کا مشترکہ تھا اور علاوہ از جاگیر وغیرہ کے بھی آمدن تھی۔

(دعوت الامیر صفحہ 262)

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جا رہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 74820 میں شاہدہ نصرت

زوجہ مشتاق احمد ایاز قوم سید پیشہ خانہ داری عمر 48 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالعلوم غربی ثناء ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 01-10-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) حق مہر بذمہ خاوند-/8000 روپے (2) طلائی زیور 310-62 گرام مالیتی-/71645 روپے (3) 5 مرلہ پلاٹ از ترکہ والدین واقع دارالعلوم وسطی ربوہ مالیتی اندازاً-/3000000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ شاہدہ نصرت۔ گواہ شد نمبر 1 اسامہ ولید وصیت نمبر 33266۔ گواہ شد نمبر 2 شہزاد احمد وصیت نمبر 38084

مسل نمبر 74821 میں سید نصیر احمد

ولد سید محمد شاہ (مرحوم) قوم سید پیشہ پنشنر عمر 57 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالبرکات ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 20-9-07 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) مکان 16 مرلے واقع شیخ پور ضلع گجرات مالیتی اندازاً-/300000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/4000 روپے ماہوار بصورت پنشن مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے العبد۔ سید نصیر احمد۔ گواہ شد نمبر 1 نعیم احمد ناصر ولد ناصر احمد محمود۔ گواہ شد نمبر 2 سید منیر احمد ولد سید محمد شاہ

مسل نمبر 74822 میں خالدہ نصیر

زوجہ سید نصیر احمد قوم بھٹی پیشہ خانہ داری عمر 44 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالبرکات ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 20-9-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) طلائی زیور ڈیڑھ تولہ مالیتی -/20000 روپے (2) حق مہر-/40000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ خالدہ نصیر۔ گواہ شد نمبر 1 نعیم احمد ناصر وصیت نمبر 21851 گواہ شد نمبر 2 سید منیر احمد ولد سید محمد شاہ

مسل نمبر 74823 میں حافظ سعید الدین

ولد محمد یوسف قوم بدھڑ پیشہ طالب علم عمر 23 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالرحمت غربی ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 1-10-07 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/300 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ حافظ سعید الدین گواہ شد نمبر 1 چوہدری محمد یوسف والد موصی۔ گواہ شد نمبر 2 جاوید اقبال یوسف ولد چوہدری محمد یوسف

مسل نمبر 74824 میں اقراء اسلام

بنت عبدالسلام قوم کشمیری پیشہ طالب علم عمر 15 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالرحمت غربی ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 15-10-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) طلائی زیور 1/2 تولہ مالیتی اندازاً-/8000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/100 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ اقراء اسلام۔ گواہ شد نمبر 1 حافظ طاہرا سلام وصیت نمبر 36043۔ گواہ شد نمبر 2 عبدالسلام والد موصیہ وصیت نمبر 48647

مسل نمبر 74825 میں چوہدری نعمت اللہ

ولد چوہدری رشید احمد (مرحوم) قوم آرائیں پیشہ کاروبار عمر 39 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالرحمت شرقی ''ب'' ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 10-10-07 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/5000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ چوہدری نعمت اللہ۔ گواہ شد نمبر 1 فضل احمد ساجد ولد نواب دین (مرحوم)۔ گواہ شد نمبر 2 فضیل احمد ولد چوہدری محمد اسلم کمبوہ

مسل نمبر 74826 میں صہیب مجید

